**NEW ERA PUBLIC SCHOOL (2021)**

**SOLVED ASSIGNMENT OF TERM – 1st**

**SUBJECT : URDU A/B** **CLASS : 2nd**

## LESSON NO : 9 بے وقوف بندر

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| قدیم زمانہ = | پرانا زمانہ | برتاؤ = | سلوک |
| ٹہلنا = | گشت لگانا | مناظر = | نظارے کی جمع |
| محل = | بادشاہ کا مکان | نگرانی = | حفاظت |
| ملکہ = | رانی | لطف = | مزا |
| خلل ڈالنا = | رخنہ ڈالنا | دم توڑ بیٹھنا = | مر جانا |

### ① تحریری سوالات:

سوال 1: بادشاہ نے کیا پالا تھا؟

جواب: بادشاہ نے ایک بندر پالا تھا۔

سوال ۲: بندر بادشاہ کی کیا خدمت کرتا تھا؟

جواب: بندر بادشاہ کی ٹانگوں کو دباتا تھا اور جسم کی مالش بھی کرتا تھا

سوال ۳: باغ میں بادشاہ نے کیا دیکھا؟

جواب: بادشاہ نے باغ میں قدرتی مناظر دیکھے۔

سوال ۴: جب بادشاہ آرام کرنے کے لئے سو گیا تو اس کی نگرانی کون کرنے لگا؟

جواب: جب بادشاہ آرام کرنے کے لئے سو گیا تو اس کی نگرانی بندر کرنے لگا۔

سوال ۵: جب مکھی بار بار بادشاہ کے ماتھے پر آ بیٹھی تھی تو بندر نے کیا کیا؟

جواب :- بندر نے پریشانی کی حالت میں مکھی کو تلوار سے مارنے کی کوشش کی۔

سوال ۶ :- بندر کے تلوار مارنے سے مکھی تو بھاگ گئی لیکن بادشاہ کا کیا ہوا ؟

جواب :- بندر کے تلوار مارنے سے مکھی تو بھاگ گئی لیکن بادشاہ کے ماتھے کے دو حصے ہو گئے۔ اور وہ مر گیا

(۲) ہاں یا نہیں پر ٹک (✓) لگا کر جواب دیجیے :-

(۱) بادشاہ نے ایک بندر پال تھا۔ ✓ہاں   نہیں
(۲) بندر بادشاہ کی خدمت نہیں کرتا تھا۔ ہاں   نہیں ✓
(۳) بادشاہ اپنی بیگم کے ساتھ باغ کی سیر کرتا تھا۔ ✓ہاں   نہیں
(۴) بادشاہ نے درخت کے نیچے آرام کیا۔ ہاں   نہیں ✓
(۵) بندر نے تلوار مار کر بادشاہ کو مار ڈالا۔ ✓ہاں   نہیں

(۳) ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جوابات پر ٹک لگا دیجیے :-

(۱) بادشاہ نے پالا تھا :-
(i) ایک گھوڑا   (ii) ایک بندر ✓   (iii) ایک شیر

(۲) بندر بادشاہ کے دباتا تھا :-
(i) کان   (ii) شانے   (iii) ٹانگیں ✓

(۳) سو جانے کے دوران بادشاہ کی حفاظت کرتا تھا :-
(i) بندر ✓   (ii) سپاہی   (iii) ملازم

(۴) خالی جگہوں کو پُر کیجیے :-

(۱) قدیم زمانے میں ایک بادشاہ رہتا تھا۔
(۲) اس نے ایک بندر پال رکھا تھا۔
(۳) بندر اس کی بہت خدمت کرتا تھا۔

(۴) ایک دن بادشاہ کو نیند آ گئی تھی ۔
(۵) اس کے ماتھے پر ایک مکھی بار بار بیٹھتی تھی ۔

⑤ کالم الف میں دیے گئے الفاظ کو کالم ب میں دیے گئے الفاظ سے جوڑ دیجیے :-

| الف | ب |
|---|---|
| (۱) ایک بادشاہ نے | بہت وفادار تھا ۔ |
| (۲) بندر بادشاہ کا | ایک بندر پالا تھا ۔ |
| (۳) ایک دن بادشاہ | کر رہا تھا ۔ |
| (۴) بندر اس کی حفاظت | ماتھے پر بیٹھی تھی ۔ |
| (۵) مکھی بار بار بادشاہ کے | سو رہا تھا ۔ |

## LESSON NO 10 مچھلی

| الفاظ | | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|
| چپٹا | = | دبا ہوا | مناسب | معقول |
| آسانی | = | سہولت | صورت | شکل |
| دم | = | سانس | تلاش کرنا | کھوج کرنا |
| غذا | = | خوراک | | |

① تحریری سوالات :-

سوال 1 :- مچھلی کہاں رہتی ہے ؟
جواب :- مچھلی پانی میں رہتی ہے ۔
سوال ۲ :- مچھلی کس طرح سانس لیتی ہے ؟
جواب :- مچھلی اپنے گلپھڑوں سے سانس لیتی ہے ۔
سوال ۳ :- کیا پانی میں ہوا موجود ہے ؟
جواب :- جی ہاں پانی میں ہوا موجود ہے ۔

سوال ۴ :- مچھلی کتنی تعداد میں انڈے دیتی ہے ؟
جواب :- مچھلی لاکھوں کی تعداد میں انڈے دیتی ہے -
سوال ۵ :- مچھلی کے انڈوں سے بچے کس طرح نکلتے ہیں ؟
جواب :- مچھلی کے انڈوں سے بچے سورج کی گرمی سے نکل آتے ہیں
سوال ۶ :- مچھلی ہمارے کس کام آتی ہے ؟
جواب :- مچھلی ہمارے غذا کے کام آتی ہے -

(۲) درج ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو پُر کیجیے :-
(۱) مچھلی پانی میں رہتی ہے -
(۲) مچھلی گلپھڑوں سے سانس باہر چھوڑتی ہے -
(۳) مچھلی انڈے دیتی ہے -
(۴) بچے اپنی غذا خود تلاش کرتے ہیں -

(۳) ہاں یا نہیں میں جواب دیجیے :-
(۱) مچھلی پانی میں رہتی ہے - ہاں
(۲) پانی میں ہوا موجود ہے - ہاں
(۳) مچھلی پانی میں ہوا کے بغیر زندہ رہتی ہے - نہیں
(۴) مچھلی انڈے نہیں دیتی - نہیں
(۵) مچھلی انڈوں کو سیتی ہے - نہیں

(۴) ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جوابات پر ٹک لگا دیجیے :-
(۱) مچھلی کا جسم ہوتا ہے
(i) پتلا اور چپٹا سا (ii) چھوٹا اور موٹا (iii) لمبا اور موٹا
(۲) مچھلی سانس لیتی ہے :-
(i) گلپھڑوں سے سا (ii) پھیپھڑوں سے (iii) ناک سے

(۳) مچھلی کھانے سے ہمیں ملتے ہیں :-

(i) روغنیات (ii) پروٹین سا (iii) کاربوہائڈریٹ

## LESSON No 11 سونے والو جاگو

| معنی | الفاظ | معنی | الفاظ |
|---|---|---|---|
| کشتی | ناؤ = | ضائع کرنا | کھونا = |
| طرف | جانب = | اچھا | خوب = |
| نیند سے اٹھو | جاگو = | طریقہ | اسلوب = |
| | | کاروبار کرنے والے | بیوپاری = |

(1) تحریری سوالات :-

سوال 1 :- شاعر نے کن لوگوں کو جاگنے کو کہا ہے ؟
جواب :- شاعر نے ان لوگوں کو جاگنے کو کہا ہے جو غفلت کی نیند میں ہیں -

سوال ۲ :- وقت کے کھونے والے کون ہیں ؟
جواب :- وقت کے کھونے والے وہ لوگ ہیں جو وقت کی اہمیت کو نہیں جانتے ہیں -

سوال ۳ :- پھولنے پھلنے والے کن کی طرف اشارہ ہے ؟
جواب :- پھولنے پھلنے والے بچوں کی طرف اشارہ ہے -
سوال ۴ :- ناؤ چلانے والے کس کام آتے ہیں ؟
جواب :- ناؤ چلانے والے پار لگانے کے کام آتے ہیں -
سوال ۵ :- صبح کا سونا کیسا ہے ؟
جواب :- صبح کا سونا ٹھیک نہیں ہے -

# اردو گرامر

① مضمون :-

## میرا دوست / میری سہیلی

ا - ب - ج میرا دوست / میری سہیلی ہے - وہ ایک اچھا لڑکا / اچھی لڑکی ہے - وہ میرے ساتھ دوسری جماعت میں پڑھتا / پڑھتی ہے - وہ کلاس کا / کی مانیٹر ہے - سب استاد اس سے پیار کرتے ہیں سب لڑکے / لڑکیاں اس کی عزت کرتے ہیں - وہ بہت شریف لڑکا / لڑکی ہے - ہم دونوں ایک ہی محلے میں رہتے ہیں - ہم ایک دوسرے کے گھر آتے جاتے ہیں - ہم دونوں روز سکول جاتے ہیں - سکول کا کام اچھی طرح کرتے ہیں - ہمیشہ سچ بولتے ہیں اپنے ماں باپ کی خدمت کرتے ہیں مجھے اپنے دوست / اپنی سہیلی پر ناز ہے -

② حکایت نگاری :-

## مکڑا اور مکھی

ایک مکڑا کئی دن کا بھوکا تھا - وہ غمگین اپنی جالا میں بیٹھا تھا - اچانک ایک مکھی اُڑتے اُڑتے آئی اور جالا کے پاس ہی بیٹھی - مکڑے نے کہا " خالہ جی سلام - ذرا نزدیک آؤ اور میرے سجائے ہوئے پلنگ پر آرام سے بیٹھو " مکھی جلدی اُڑ کر آئی اور پلنگ پر بیٹھ گئی - وہ جال میں پھنس گئی - مکڑے نے دو تین دن تک اس کو کھا ڈالا -

اخلاقی نتیجہ :- سوچ سمجھ کر کام کرو

③ صفت کسے کہتے ہیں ؟

صفت وہ کلمہ ہے جو اسم کی اصلی حالت کو ظاہر کرے - جیسے نیلا آسمان - چمکتا سورج وغیرہ -

④ واحد — جمع

| واحد | | جمع | واحد | | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| (۱) پھوپا | = | پھوپے | (۶) دروازہ | = | دروازے |
| (۲) کوا | = | کوے | (۷) دھاگا | = | دھاگے |
| (۳) کیلا | = | کیلے | (۸) انڈا | = | انڈے |
| (۴) کمرہ | = | کمرے | (۹) بچّہ | = | بچّے |
| (۵) نالہ | = | نالے | (۱۰) خربوزہ | = | خربوزے |

⑤ مذکر — مونث

| مذکر | | مونث | مذکر | | مونث |
|---|---|---|---|---|---|
| (۱) سید | = | سیدانی | (۶) حلوائی | = | حلوائن |
| (۲) پنڈت | = | پنڈتانی | (۷) درزی | = | درزن |
| (۳) میاں | = | بیوی | (۸) داماد | = | بہو |
| (۴) اندھا | = | اندھی | (۹) فرنگا | = | فرنگی |
| (۵) تیلی | = | تیلن | (۱۰) استاد | = | استانی |

⑥:- الفاظ — ضد

| الفاظ | | ضد | الفاظ | | ضد |
|---|---|---|---|---|---|
| (۱) آباد | = | ویران | (۶) دن | = | رات |
| (۲) نیک | = | بد | (۷) جنت | = | جہنم |
| (۳) چالاک | = | بے وقوف | (۸) ہلکا | = | بھاری |
| (۴) سخت | = | نرم | (۹) راجا | = | پرجا |
| (۵) تازہ | = | باسی | (۱۰) خیر | = | شر |

نوٹ :-
محترم والدین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے بچّوں کو اسباق پڑھنے اور سمجھنے میں مدد کریں۔